## سندھ میں طوفانی بارشوں اور بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان سے نمٹنے کیلئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی تیار کی جائے، رابطہ کمیٹی

## سندھ میں بارشوں اور سمندری طوفان سے لاحق خطرات کا جائزہ لیا گیا، رابطہ کمیٹی اور حق پرست اراکین اسمبلی کا مشترکہ کا اجلاس

کراچی۔۔۔ یکم جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کا ایک مشترکہ ہنگامی منگل کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں اجلاس ہوا جس میں صوبہ سندھ میں ہونے والی متوقع شدید بارشوں، آئندہ چوبیس سے چھتیس گھنٹوں کے دوران بحیرہ عرب میں کراچی کے ساحل کی جانب اٹھنے والے سمندری طوفان سے ساحل اور ملحق آبادیوں کولاحق خطرات کا جائزہ لیا گیا اوران پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے وفاقی وصوبائی اور مقامی بلدیاتی حکومتوں اوران کے نمائندوں سے مطالبہ کیا کہ وہ سندھ میں طوفانی بارشوں اور بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان سے نمٹنے کیلئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی تیار کریں اورعوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ مشینری استعمال کریں۔ اجلاس میں ممکنہ طوفانوں سے نمٹنے کیلئے قائم ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی کوفعال بنانے پر زوردیا گیا اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کے حق پرست عوامی نمائندے ہر سطح پر ممکنہ حالات سے نمٹنے کیلئے بھرپور تعاون جاری رکھنے کی ہدایت دی گئیں۔

## آل کراچی تاجر اتحاد کے وفد کی عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔ یکم جون 2010ء

آل کراچی تاجر اتحاد کے 26 رکنی وفد نے الائنس آف مارکیٹ ایسوسی ایشنز کراچی کے چیئرمین عتیق میر کی سربراہی میں گذشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی وسیم اختر، خواجہ سہیل منصور اور امام الدین شہزاد بھی موجود تھے۔ تاجر برادری کے وفد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو ویلیوایڈڈ ٹیکس (VAT) کے نفاذ سے تاجر برادری میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا اوراس پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ویلیوایڈڈ ٹیکس (VAT) کے نفاذ سے اشیاء صرف کی قیمتوں میں اضافے سمیت مہنگائی میں کئی گنا اضافہ ہوجائے گا جس کی کوئی بھی ذی شعور انسان حمایت نہیں کرسکتا۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے تاجر برادری کے وفد کی گزارشات کوتوجہ سے سنا اورانہیں یقین دلایا کہ حق پرست نمائندے عوامی خواہشات اور امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر سطح پر اپنا کردار ادا کریں گے۔

## ایوب گوٹھ میں نوجوان لڑکی کواجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے والے سفاک عناصر کوعبرتناک سزادی جائے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔ یکم جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ تھانے کی حدود میں واقع ایوب گوٹھ میں کمسن بچی کواجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کوکھلی درندگی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نوجوان لڑکی کواجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کا واقعہ نے انتہائی شرمناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی مہذب معاشرے میں اس قسم کے وحشیانہ عمل کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی لڑکی سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سہراب گوٹھ میں نوجوان لڑکی کواجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے والے سفاک عناصر کوفی الفور گرفتار کیا جائے اورانہیں قانون کے مطابق عبرتناک سزادی جائے۔

## جناح اسپتال میں دہشت گردوں کا حملہ انسانیت کا کھلا قتل ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔ یکم رجون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے لاہور کے جناح اسپتال میں مسلح دہشت گردوں کے حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کوکھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ پنجاب کودہشت گردوں سے پاک کرنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر سخت اقدامات کیے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ صوبہ پنجاب خصوصاً لاہور میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے اوردہشت گردی مسلسل واقعات سے

دنیا بھر میں پاکستان کا امیج خراب ہوتا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا جناح اسپتال میں حملہ انسانیت کا کھلا قتل ہے اور بے حسی کی بدترین مثال ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے دہشت گردی کے واقعہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ جناح اسپتال میں دہشت گردوں کے حملہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور عوام کے تحفظ کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن شہاب الدین کے والد علیم الدین اور ایم کیوایم سانگھڑ زون سانگھڑ سیکٹر کمیٹی کے رکن جاوید وسان کے جواں سال صاحبزادے بلال احمد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆